دار العلوم کے شب وروز

جناب شفیق الدین فاروقی صاحب

عید الاضحیٰ کے موقع پر حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا تاریخی خطاب :

اکوڑہ خٹک اور گردونواح کی مرکزی عظیم عیدگاہ میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے ایک لاکھ سے زائد افراد سے ایک تاریخی خطاب فرمایا۔ جس میں امت مسلمہ کو درپیش صورتحال پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ اور خصوصاً کوسوؤ کے مسلمانوں پر سرب درندوں کے مظالم کی پرزور مذمت بیان کی۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے اپنے خطاب میں طالبان افغانستان کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا اور امریکہ اور عالم کفر کی طالبان افغانستان کے خلاف بڑھتی ہوئی سازشوں اور ریشہ دوانیوں کو بے نقاب کیا۔

سفیر افغانستان مولانا سعید الرحمٰن حقانی کی دار العلوم تشریف آوری :

عید الاضحیٰ کے موقع پر دار العلوم حقانیہ کے قابل فخر فرزند جناب مولانا سعید الرحمٰن حقانی صاحب عید الاضحیٰ کے مبارک دن دار العلوم حقانیہ میں اساتذہ اور طلباء کے ساتھ گزارنے کیلئے تشریف لائے۔ آپ نے تمام سرکاری پروٹوکولز کو بالائے طاق رکھ کر نماز عید میں شرکت فرمائی اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کے گھر پر افغانستان کے بارے میں تفصیلی بات چیت کی۔ اس موقع پر نائب مہتمم مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور جناب مولانا حامد الحق حقانی صاحب بھی تشریف فرما تھے۔

امریکہ کے قومی ریڈیو کے پروڈیوسر کی دار العلوم آمد :

دار العلوم حقانیہ کی عالمگیر خدمات اور خصوصاً جہاد افغانستان اور تحریک طالبان کے بیس کیمپ (جی ایچ کیو) کی شہرت نے پورے عالم کفر کی نیندیں حرام کر کے رکھ دی ہیں۔ گذشتہ تین سالوں سے بین الاقوامی پریس کی درجنوں ٹیمیں دار العلوم آچکی ہیں۔ اور حضرت مہتمم مدظلہ سے متعدد انٹرویوز ریکارڈ کر کے نشر کر چکے ہیں۔ امریکہ کے تمام بڑے اخبارات اور اسکے سب سے بڑے ٹی وی چینل سی این این نے بھی آپ کا انٹرویو نشر کیا ہے۔ اس بار امریکہ کے قومی ریڈیو کی ٹیم دار العلوم آئی اور مختلف طلباء سے انٹرویوز ریکارڈ کرائے۔ کئی طلباء نے انگریزی زبان میں انٹرویو ریکارڈ کرائے۔ ماہنامہ الحق کے مدیر مولانا راشد الحق نے انہیں دار العلوم کا معائنہ کرایا۔ اس کے